تہذیب وثقافت کو مسلمانوں میں داخل کرنے اور اسلام کو مسخ کرنے کی ناکام سعی کررہا ہے۔

کیا روشن خیالی یہی ہے کہ افقِ عالم سے ملعون یہودیوں کو لاکر فلسطین (جہاں دوہزار برس سے محض مسلمان معمور تھے) میں آباد کرکے غیر قانونی مصنوعی وطن بنا کر اور بعد میں بزورِ شمشیر قومی وطن کا نام دے کر لاکھوں بچوں کو یتیم کردیا جائے ہزاروں عورتوں کو بیوہ کردیا جائے اور سینکڑوں مردوں کا ناحق قتل کیا جائے اور یہ نعرہ لگایا جائے کہ نیل سے فرات تک ہماری ملکیت ہے......؟

کیا روشن خیالی اسی میں پنہاں ہے کہ شمالی افریقہ کے چالیس ہزار معصوم انسانوں کو بلا جرم وفساد قتل کردیا جائے اور کروڑوں کو غلام بنا کران کے ساتھ بہیمانہ سلوک کیا جائے اور امریکہ وکینیڈا وغیرہ میں نوآبادیوں کی آبادکاری کیلئے ان کو استعمال کیا جائے۔

یہی اپنے آپ کو روشن خیال کہلانے والے جنگ عظیم سے لے کر اب تک بیس سے زائد اسلامی ممالک میں مداخلت کرکے کروڑوں شہریوں کا خون بہا چکے ہیں اور دہشت گرد پھر بھی اسلام ومسلمان۔ جبکہ اسلامی ضابطہ اخلاق اس دہشت گردی کے بالکل برعکس ہے۔

﴿لاتتمنوا لقآء الصدد وسلوا الله العافية﴾

کہ اسلام تو دشمن سے ملنے کی تمنا سے بھی منع کرتا ہے۔ جنگ وجدال اور دہشت گردی تو دور کی بات ہے۔

سچی بات تو یہ ہے کہ تلك اذا قسمة خيزى جس کا فیصلہ خود اللہ ہی کریں گے کیونکہ اس نے اپنے دین کی حفاظت کا ذمہ خود اٹھایا ہے اور اس پر الزامات لگانے والوں کو ہر دور میں نیست ونابود کرتا رہا اور ان شاء اللہ ان کا بھی قلع قمع کرے گا کیونکہ ولاتحسبن الله غافلا عما يعمل الظلمون انما يؤخرهم ليوم تشخص فيه الابصار۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سائن بورڈ، کلاتھ بینر، سکرین پرنٹرز اور اشتہارات کی کتابت کیلئے

حافظ پبلسٹی

پبلشرز

کاتب

ریلوے روڈ شیخوپورہ

حافظ شبیر احمد سجاد، رانا عبدالستار

0321-4205164 , 0321-4187286

معروف عالم دین مولانا حافظ محمد عبداللہ کمیر پوری کا سانحہ ارتحال

فیصل آباد کے بزرگ عالم دین اور جامعہ اسلامیہ ومسجد مقدس اہل حدیث حاجی آباد کے مہتمم ومدیر التعلیم مولانا حافظ محمد عبداللہ کمیر پوری انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ موصوف نے بڑی بھرپور زندگی گزاری۔ ان کی ساری زندگی عقیدہ توحید کی خدمت میں گزری۔ انہوں نے تحریک نظام مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم، تحریک ختم نبوت ودیگر تحاریک میں بھرپور کردار ادا کیا اور متعدد مقامات پر خطابات بھی کیے۔ ان کی وفات حرکت قلب بند ہوجانے سے ہوئی۔ مرحوم حافظ عبدالقادر روپڑی رحمۃ اللہ علیہ کی چچازاد ہمشیرہ کے بیٹے تھے اور انہوں نے حضرت حافظ صاحب کے ساتھ کافی عرصہ قریہ قریہ جاکر قال اللہ وقال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز کو بلند کیا۔ ان کی نمازِ جنازہ میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں لوگوں نے شرکت کرکے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔ لاہور سے جامعہ اہل حدیث کے نائب ناظم حافظ عبدالوہاب روپڑی حفظہ اللہ نے خصوصی شرکت کی۔ ان کی نمازِ جنازہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ کی اعانت میں ادا کی گئی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ وطلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ قارئین کرام! مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا فرمائیں۔ اللھم اغفرله وارحمه وادخله الجنة الفردوس. آمین. (ادارہ)

فریحہ اسلامک اکیڈمی کے زیر اہتمام

فہم قرآن وسُنّت کورس

10 جون تا 10 اگست 2006ء

داخلہ: یکم جون سے شروع ہے 10 جون سے ان شاء اللہ کلاس شروع ہوجائے گی

وقت: عصر کے بعد 5 بجے سے 7 بجے تک

60 روزہ

امتحان سے فارغ طالبات اور دیگر خواتین کیلئے موسم گرما کی تعطیلات میں

نوٹ: کورس کے اختتام پر ٹیسٹ ہوگا۔ کامیاب طالبات کو اسناد وانعامات سے نوازا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ طالبات کے والدین سے گزارش ہے کہ وہ اس سنہری موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بے حیائی وفحاشی اور کفر والحاد اور بے دینی کے سیلاب کو روکنے کیلئے اپنی بیٹیوں کو دنیاوی تعلیم کے ساتھ قرآن وسنت جیسی پاکیزہ تعلیم سے مزین وآراستہ کریں تاکہ وہ حقیقی مسلمان بن کر نئی نسل کی تربیت اسلامی طریقے کے مطابق کرسکیں۔

الداعی الی الخیر والفلاح محمد اکرم مدنی ایم اے فاضل مدینہ یونیورسٹی //// مکان نمبر B-648 گلی نمبر 3 محلہ مغلپورہ نمبر 1 نزد چوک جمیل آباد فیصل آباد فون: 041-8861592